DAILY EXPRESS, LAHORE -FRIDAY, MAY 3, 2024

# نیلام عام

معدنی رعایات (عام ریت، گریول، ریت / گریول اور سینڈ سٹون) کی فروخت کیلئے درج ذیل بلاک جات برائے مدت و طریقہ کار حسب قواعد پنجاب معدنی رعایتی قوانین مجریہ 2002ء اور حسب قانون ان میں وقتاً فوقتاً ترمیمات وغیرہ کے تحت "جہاں ہے جیسے ہے" کی بنیاد پر ذیل میں دیئے گئے پروگرام کے مطابق بوقت گیارہ بجے دن نیلام کیے جائیں گے۔ نیلام عام میں کینسل شدہ لیز ہولڈرز کے بلاک جات شامل ہیں جن کی میعاد پٹہ مورخہ 01.07.2024 تا 30.09.2024 کے اندر ہے۔ ایسے رقبہ جات کے بارے میں قبل از نیلام حسب طلب معلومات متعلقہ ضلعی / ریجنل دفتر سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

| نام ضلع | تاریخ نیلام | مقام نیلام | نام معدن | نام بلاک / زون | ریزرو پرائس | نام بلاک / زون | ریزرو پرائس |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھنگ | 16.05.2024<br>28.05.2024<br>12.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، جھنگ | عام ریت | کوٹ عیسیٰ شاہ | Rs.5,00,000/- | احمد پور سیال زون-1 | Rs.13,75,000/- (اختتام میعاد پٹہ 20.07.2024) |
| | | | | چنڈ ڈیڈ واڑہ ... علی پور زون | Rs. 1,28,00,000/- (اختتام میعاد پٹہ 20.07.2024) | | |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | 18.05.2024<br>29.05.2024<br>10.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، ٹوبہ ٹیک سنگھ | عام ریت | 667/B چک نمبر (نیا بلاک) | Rs.1,00,00,000/- | | |
| نارووال | 16.05.2024<br>28.05.2024<br>12.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، نارووال | عام ریت / بجری | شکر گڑھ نالہ بئیں بلاک | Rs.1,67,42,000/- (اختتام میعاد پٹہ 26.09.2024) | | |
| گجرات | 17.05.2024<br>30.05.2024<br>11.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، گجرات | عام ریت / بجری | کوٹلہ عرب علی خان زون | Rs.2,86,00,000/- (اختتام میعاد پٹہ 29.09.2024) | کوٹ سیانہ بلاک | Rs. 1,65,00,000/- (اختتام میعاد پٹہ 13.07.2024) |
| | | | | دولت نگر زون | Rs. 1,26,50,000/- (اختتام میعاد پٹہ 13.07.2024) | | |
| جہلم | 16.05.2024<br>28.05.2024<br>12.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، جہلم | سینڈ سٹون | سینڈ سٹون کھیوڑہ بلاک-3 | Rs. 15,00,000/- | | |
| ڈیرہ غازی خان | 17.05.2024<br>27.05.2024<br>10.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، ڈیرہ غازی خان | عام ریت / کنکر | تور والا بلاک | Rs. 6,40,000/- (اختتام میعاد پٹہ 12.07.2024) | | |
| مظفر گڑھ | 16.05.2024<br>28.05.2024<br>12.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، مظفر گڑھ | عام ریت / کنکر | کوٹ ادو زون | Rs. 5,75,000/- (اختتام میعاد پٹہ 20.07.2024) | گجرات / محمود کوٹ زون | Rs. 26,50,000/- (اختتام میعاد پٹہ 17.07.2024) |
| وہاڑی | 16.05.2024<br>29.05.2024<br>11.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، وہاڑی | عام ریت | وہاڑی زون-2 | Rs. 1,54,00,000/- (اختتام میعاد پٹہ 04.09.2024) | بورے والا زون-2 (ترسیکی) | Rs.3,50,00,000/- |
| | | | | بورے والا زون-1 (ترسیکی) | Rs.3,50,00,000/- | ب سلطان پور / حزرہ زون (نیا زون) | Rs.1,00,00,000/- |
| ملتان | 17.05.2024<br>28.05.2024<br>10.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، ملتان | عام ریت | شجاع آباد زون | Rs.3,85,00,000/- (اختتام میعاد پٹہ 12.07.2024) | مخدوم رشید / اٹھارے پور زون (نیا زون) | Rs.5,00,00,000/- |
| | | | | ملتان سٹی زون | Rs.5,00,00,000/- | | |
| بہاولپور | 16.05.2024<br>28.05.2024<br>10.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، بہاولپور | عام ریت | نواب پور زون | Rs. 6,12,00,000/- (اختتام میعاد پٹہ 26.07.2024) | اوچ شریف زون | Rs.39,00,000/- (اختتام میعاد پٹہ 11.09.2024) |
| لودھراں | 21.05.2024<br>01.06.2024<br>11.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، لودھراں | عام ریت | لودھراں زون-1 | Rs. 1,54,50,000/- (اختتام میعاد پٹہ 26.07.2024) | لودھراں زون-3 | Rs. 1,54,50,000/- (اختتام میعاد پٹہ 26.07.2024) |
| بہاولنگر | 20.05.2024<br>31.05.2024<br>12.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، بہاولنگر | عام ریت | بہاولنگر زون | Rs. 5,93,50,000/- (اختتام میعاد پٹہ 04.07.2024) | فورٹ عباس ب سیٹ زون (نیا زون) | Rs.50,00,000/- |
| | | | | ہارون آباد ب سیٹ زون (نیا زون) | Rs.50,00,000/- | | |
| بھکر | 18.05.2024<br>28.05.2024<br>12.06.2024 | دفتر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، بھکر | عام ریت | داجل-1 | Rs. 28,50,000/- (اختتام میعاد پٹہ 29.09.2024) | | |
| میانوالی | 16.05.2024<br>30.05.2024<br>10.06.2024 | دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، واقع بالمقابل پٹرول / ریلوے اسٹیشن کالاباغ روڈ میانوالی | عام ریت | پائی خیل داؤد خان والا - 1 | Rs.51,00,000/- | | |
| خوشاب | 16.05.2024<br>28.05.2024<br>10.06.2024 | دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر (سمال سکیل مائننگ)، بلاک نمبر 7 ڈسٹرکٹ کمپلیکس، جوہر آباد خوشاب | عام ریت | نور پور تھل (2) | Rs. 29,70,000/- (اختتام میعاد پٹہ 05.09.2024) | | |

شرائط:

1- نیلام عام میں شریک ہونے والے خواہشمند فرد / افراد / کمپنی فرم کو منعقدہ نیلام سے کم از کم ایک یوم قبل تک متعلقہ سیکرٹری ضلعی نیلام کمیٹی سے مجوزہ فارم کے مطابق درخواست مندرجہ ذیل دستاویزات یا ان کی مصدقہ نقول کے ہمراہ بذات خود پیش کر کے رجسٹریشن سلپ حاصل کرنا ہو گی بصورت دیگر نیلام عام میں شرکت کے اہل نہ ہوں گے۔ رجسٹریشن ایک سال تک Valid ہو گی۔

(الف) مبلغ -/50000 روپے بطور زر ضمانت (قابل واپسی) بصورت پے آرڈر یا ڈیپازٹ ایٹ کال بنام ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز پنجاب لاہور (سرکاری حیثیت میں)۔

(ب) قومی شناختی کارڈ۔

(ج) انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔

(د) فرم کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ بمعہ شراکت نامہ اور کمپنی کی صورت میں آرٹیکل اینڈ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن بمعہ ادا شدہ مجاز سرمایہ کاری۔

2- مشتہر کردہ پٹہ جات معدنیات کے محل وقوع، معدن کی کوالٹی، معدنی پٹہ کی رسائی، معدن کی مارکیٹ سابقہ موصول شدہ بولیوں وغیرہ کی تفصیل محکمہ معدنیات کی ویب سائٹ www.mmm.punjab.gov.pk پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں مزید کسی قسم کی معلومات کے لیے دفتری اوقات کار میں زیر دستخطی یا متعلقہ سیکرٹری ضلعی نیلام کمیٹی / (متعلقہ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر / ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز) کے دفتر سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

3- سرکاری واجبات کے نادہندگان / بلیک لسٹ افراد نیلام عام میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

4- تاریخ نیلام پر سرکاری تعطیل ہو جانے کی صورت میں نیلامی اگلے روز منعقد ہو گی۔

5- پٹہ جات برائے عام ریت، گریول ریت / گریول کی میعاد دو سال جبکہ سینڈ سٹون اور سلیٹ سٹون کی میعاد تین سال ہو گی۔

6- ادنیٰ معدنیات کے ہر پٹہ کی بولی Reserve Price پہلے سے مقرر کی گئی ہے جس کو مد نظر رکھتے ہوئے بولی دہندگان بولی میں حصہ لے سکیں گے۔

7- بولی میں حصہ لینے والے حضرات بمطابق طلب نیلام کمیٹی اپنی بولی کا زر چہارم / ششم بصورت پے آرڈر یا کیش دے کر ہی اپنی بولی لکھوا سکیں گے۔ سب سے زیادہ بولی دہندہ کو نیلام کے وقت عام ریت، گریول ریت / گریول کیلئے بولی کا زر چہارم اور سینڈ سٹون اور سلیٹ سٹون کیلئے زر ششم بصورت پے آرڈر یا کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز پنجاب، لاہور (سرکاری حیثیت میں) جمع کروانا ہو گا۔

8- لائسنسنگ اتھارٹی کو کوئی بھی وجہ بتائے بغیر بولی منظور یا نامنظور کرنے کا اختیار ہو گا۔

9- بولی منظور ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا پندرہ فیصد (15) بطور سیکورٹی جمع کروانا ہو گا۔ سیکورٹی جمع نہ کروانے کی صورت میں بولی مسترد کر دی جائے گی اور بولی کی جمع شدہ زر چہارم / ششم کی رقم ضبط کر لی جائے گی۔

10- پٹہ دار حکومت کی طرف سے عام ریت، گریول، سینڈ سٹون اور سلیٹ سٹون کے لیے مقرر کردہ شیڈول ریٹ کے مطابق قیمت معدن وصول کرنے کا مجاز ہو گا۔ زائد وصولی کی صورت میں پٹہ دار کے خلاف حسب قواعد بالا کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ شیڈول ریٹس حکومت کی طرف سے نوٹیفائی کئے گئے ہیں۔ جس کی نقل محکمہ معدنیات کے کسی بھی دفتر یا ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

11- یہ کہ آپ کے زیر تصرف حکومت کی ملکیتی زمین ہو تو ایسی صورت میں آپ متعلقہ حکومت کے ریونیو قوانین یا متعلقہ ضلع میں لاگو قوانین کے تحت مقرر کردہ ریٹ کے مطابق مالکانہ ادا کریں گے اور پرائیویٹ مالک اراضی کی صورت میں نکاسی معدن کیلئے اس کی باہمی رضامندی سے مالکانہ ادا کر کے نکاسی معدن کریں گے فریقین کے درمیان باہمی رضامندی نہ ہونے کی صورت میں پنجاب معدنی مراعات قوانین مجریہ 2002 کے قاعدہ نمبر 208 کے تحت لائسنسنگ اتھارٹی کی طرف سے مقرر کردہ ریٹ اور طریقہ کار کے مطابق مالکانہ کی ادائیگی کریں گے اور لائسنسنگ اتھارٹی کے ریٹ کے بارے میں کیا گیا فیصلہ حتمی تصور ہو گا۔

12- پٹہ نامہ الاٹ ہونے کی صورت میں پٹہ دار کو پٹہ سے دستبردار ہونے کا اختیار نہ ہو گا۔

13- اجارہ داری کو روکنے کیلئے کسی بھی ضلع میں ریت کے 20% سے زیادہ پٹہ جات نہ لیے جا سکتے ہیں۔ جبکہ سینڈ سٹون کی صورت میں زیادہ سے زیادہ پٹہ جات حاصل کرنے کی حد سات (07) ہے جو بذریعہ نوٹیفکیشن مقرر کی گئی ہے۔ اس نوٹیفکیشن کی نقل محکمہ معدنیات کے کسی بھی دفتر سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ ان کی پابندی لازم ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں حسب قواعد کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

14- کامیاب بولی دہندہ پٹہ سے نکاسی معدن کرنے کا پابند ہو گا۔ اگر بغیر وجہ کوئی پٹہ دار پٹہ سے نکاسی معدن نہ کرے گا تو اسکا پٹہ حسب قواعد منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

15- پٹہ معدن الاٹ ہونے کی صورت میں پٹہ دار پٹہ کی اقساط مقررہ تواریخ پر ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ قسط پٹہ مقررہ تاریخ کو ادا نہ کرنے کی صورت میں حسب قواعد پٹہ منسوخ کیا جا سکتا ہے اور سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی۔

16- جو بلاکس از خود پہلی تاریخ میں مناسب بولی وصول نہ ہونے کی وجہ سے یا کسی دیگر وجوہ سے نیلام نہ ہو سکیں گے وہ بعد کی تاریخ / تواریخ پر نیلام کیے جائیں گے۔

17- بولی دہندہ کسی بھی بلاک / زون میں پہلے سے موجود کرشرز، آبادی یا دیگر تنصیبات وغیرہ کی بنیاد پر نیلام کی رقم کی واپسی کا مستحق نہ ہو گا۔

18- اگر پٹہ معدن کا کچھ حصہ محکمہ جنگلات کے رقبہ میں پڑتا ہو تو محکمہ جنگلات سے معاہدہ کرنے کے بعد نکاسی معدن کی اجازت ہو گی۔

19- سب سے زیادہ بولی دہندہ کو بولی کے زر چہارم اور ششم کے علاوہ حسب قواعد محکمہ انکم ٹیکس 10 فیصد یا 20 فیصد جو بھی شرح نافذ العمل ہو گی انکم ٹیکس بوقت نیلام جمع کروانا ہو گا۔

20- اگر کوئی بولی دہندہ ایک سے زیادہ اضلاع میں جنکی تاریخ ایک دن ہو کی نیلامی میں بولی دینا چاہتا ہو تو لائسنسنگ اتھارٹی سے اجازت لے کر اپنا نمائندہ خاص کے ذریعے ایک سے زیادہ اضلاع میں نیلامی میں حصہ لے سکتا ہے۔

21- کسی بھی پٹہ سے نکاسی ریت بذریعہ ایکسکیویٹر مشین کی ہرگز اجازت نہ ہو گی۔ البتہ دریائی ریت کے پٹہ جات میں بہتے پانی میں، محکمہ ماحولیات کی اجازت لینے کے بعد، ایکسکیویٹر مشین سے نکاسی ریت بمطابق شرائط محکمہ ماحولیات ہو گی۔

22- کامیاب بولی دہندہ کو آ گیا دی ہوئی بولی کی منظوری کی صورت میں ورک آرڈر کے اجراء کے ساتھ محکمہ ماحولیات کی طرف سے متعلقہ رقبہ زیر پٹہ کی منظور شدہ EIA / IEE رپورٹ کے مطابق شرائط و ضوابط جو کہ پٹہ نامہ کے ساتھ لف کی جائیں گی اور بولی دہندگان بوقت نیلام تصدیق ملاحظہ و منظور کرنے کے پابند ہوں گے۔ ان کی مکمل پابندی کرنا ہو گی خلاف ورزی کی صورت میں پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 اور محکمہ ماحولیات کے متعلقہ نافذ العمل قواعد و شرائط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

ڈائریکٹر لائسنسنگ (ادنیٰ معدنیات)، پنجاب پونچھ ہاؤس ملتان روڈ، لاہور۔
فون نمبر: 042-99214852